QRickit
4108CH02

2

# چاند میں پریاں رہتی ہیں



امّاں باجی کہتی ہیں
چاند میں پریاں رہتی ہیں
رات کو پَر پھیلاتی ہیں
اور اُتر کر آتی ہیں
سب بچّوں کو سُلاتی ہیں
اور پھر خواب دکھاتی ہیں
امّاں باجی کہتی ہیں
چاند میں پریاں رہتی ہیں
میں تو آج نہ سوؤں گا
رات گئے تک جاگوں گا
باہر باغ میں بیٹھوں گا
چاند کی پریاں دیکھوں گا
اماں باجی کہتی ہیں
چاند میں پریاں رہتی ہیں

— افسر میرٹھی



© NCERT
not to be republished



# خرگوش اور چڑیا



چڑیا اور خرگوش آپس میں دوست تھے۔ چڑیا جامن کے پیڑ پر رہتی تھی۔ خرگوش کا خاندان بھی پاس ہی رہتا تھا۔

ایک دن خرگوش چڑیا کے ساتھ اپنی خالہ سے ملنے گیا۔ خالہ دونوں کو دیکھ کر بہت خوش ہوئیں۔ خالو بھی خوشی سے کھڑے تھے۔ خالہ نے جلدی جلدی خرگوش کے لیے روٹی پکائی۔ چڑیا کو چاول اور چنے دیے۔ پھر سب نے جی بھر کر حلوہ کھایا۔

© NCERT not to be republished



## ☜ اساتذہ کے لیے ہدایات:

- اس سبق کے دو حصّے ہیں۔ پہلا حصّہ 'چاند میں پریاں رہتی ہیں' نظم ہے اور دوسرا حصّہ 'خرگوش اور چڑیا' نثر ہے۔ ان دونوں حصّوں کی مدد سے 'ج' گروپ کی تدریس کی جائے۔
- اس نظم کو جماعت میں کئی بار پڑھنے کے بعد بچّوں سے معلوم کریں کہ اس میں ایسے کون سے الفاظ ہیں جن میں ج کی آواز کا استعمال ہوا ہے۔ بچے 'باجی' اور 'آج' کہیں گے۔
- پھر معلوم کیجیے کہ ایسے کون سے الفاظ ہیں جن میں 'چ' کی آواز کا استعمال ہوا ہے۔

  بچے 'چاند' تو کہیں گے ہی، ممکن ہے لفظ بچہ بھی بتا دیں۔
- اب ایک بار پھر نظم پڑھ کر سوال کیجیے کہ وہ لفظ بتائیں جس میں خ کی آواز کا استعمال ہوا ہے۔

  توجہ سے سننے والے بچے 'خواب' کہیں گے۔
- باجی، آج، چاند، بچے اور خواب کی آوازوں کی روشنی میں بچّوں کو 'ج' گروپ سے واقف کروایئے۔

  یعنی: ج چ ح خ
- اس کہانی کی مدد سے 'ج' گروپ کے الفاظ معلوم کیجیے۔

  جیسے: چڑیا، خرگوش، جامن، خاندان، خالہ، خوش، خالو، جلدی، چاول، چنے اور حلوہ

  بچّوں کو 'ج' گروپ کی ذیلی شکل بتایئے اور مشق کروایئے۔

  یعنی: جـ چـ حـ خـ

© NCERT not to be republished


# مشق

## 1. حروف کو ملا کر لفظ بنوایئے





| | | | |
|---|---|---|---|
| ح | ج | = | ______ |
| ج | ج | = | ______ |




ت خ ت =

خ ا ن =

چ ا چ ا =

چ ا چ ی =

ح ا ج ی =



## 2. لفظوں کے حروف الگ کروائیے

آج =

چپ =

بچ =

جب =

بحث =

خان =

حنا =

جامن =

بچنا =







© NCERT not to be republished

## 3. تصویروں کو ان کے پہلے حرف سے ملوایئے

| حرف | تصویر |
|---|---|
| خ |  |
| چ |  |
| ح |  |
| ج |  |

## 4. ان حروف کو لکھوایئے

ج ___ ___ ___ ___ ___ ___ ___

چ ___ ___ ___ ___ ___ ___ ___

ح ___ ___ ___ ___ ___ ___ ___

خ ___ ___ ___ ___ ___ ___ ___

© NCERT not to be republished

## 5. ان لفظوں کو لکھوائیے



| | |
|---|---|
| حج | ______ ______ ______ ______ ______ |
| خان | ______ ______ ______ ______ ______ |
| بچانا | ______ ______ ______ ______ ______ |
| تخت | ______ ______ ______ ______ ______ |

## 6. مناسب حرف سے لفظ مکمل کروائیے



| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ت | | ت | = | تخت |
| ب | | ت | = | بچت |
| ب | | ث | = | بحث |
| چ | | ا | = | چنا |


## 7. نیچے لکھے الفاظ کو درست تلفظ کے ساتھ بلند آواز سے پڑھوائیے



جناب   حِنا   بچت   حباب   حاجت   قافلہ

© NCERT not to be republished

## 8. درخت کی تصویر میں رنگ بھروائیے



© NCERT not to be republished